# IGI Life

**IGI Life Insurance Limited**

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the **21st Annual General Meeting of IGI Life Insurance Limited** (the "Company") will be held on **Wednesday, 20th April, 2016 at 12:00 pm**, at The Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP), Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi-75600 to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the last **Annual General Meeting** of the Company held on **21st April, 2015.**
2. To receive, consider and adopt the annual audited financial statements of the Company together with the Directors' and Auditors' Report thereon for the year ended **31st December, 2015.**
3. To consider and approve the payment of Final cash dividend @ Rs. 1/- per share (10 %) for the financial year ended **December 31, 2015** as recommended by the Board of Directors (the "Board") of the Company.
4. To appoint auditors for the year ended **December 31, 2016** and fix their remuneration.

**SPECIAL BUSINESS**

5. To consider and if thought fit to increase the authorized share capital of the Company and, for that purpose, to pass a special resolution, to make requisite alterations to the Memorandum and Articles of Association of the Company.
6. To consider and if thought fit, to pass a special resolution to amend the Articles of Association of the Company to set out therein, the members' right to exercise their voting rights in General Meetings by E-Voting.
7. To consider and if thought fit, to pass, a special resolution to amend the Articles of Association of the Company to set out therein the members' right to attend General Meetings of the Company through video conferencing.

**ANY OTHER BUSINESS**

8. To consider any other business with the permission of the Chairman.

By Order of the Board

**Muhammad Amin**
Company Secretary

**Karachi:** 29th March, 2016

**NOTES:**

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 14th to 20th April, 2016 (both days inclusive).
2. Any member entitled to attend, speak and vote at the Annual General Meeting is entitled to appoint another member as a proxy to attend, speak and vote on his/her behalf. A corporation being a member may, by means of a resolution of its directors, appoint a person who need not be a member, as proxy or as its representative under section 162 of the Companies Ordinance 1984.
3. The instrument appointing a proxy, in order to be valid, must be deposited at the office of Share Registrar "M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited," at 8-F, Next to Faran Hotel, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Sharah-e-Faisal, Karachi, duly signed, stamped and witnessed, not less than forty-eight (48) hours before the time of the Meeting. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy. If more than one instrument of proxy are deposited by a member with the Company, all such instruments of proxy shall be rendered invalid.
4. Members whose shares are deposited with Central Depository Company of Pakistan Limited (CDC) are requested to bring their original Computerized National Identity Cards (CNIC) along with the participant's I.D. number and their account numbers in CDC to facilitate identification at the time of the **Annual General Meeting** and in case of proxy, must enclose an attested copy of his/her CNIC. In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee and/or all such other documents, as are required under Circular No.1 dated 26th January, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") for the purpose, shall be produced at the time of the meeting (unless it has been provided earlier).

5. Members (Non-CDC) are requested to promptly notify to M/s FAMCO Associates (Pvt) Limited of any change in their address to ensure delivery of mail.

6. Pursuant to Para 3(a) of SRO 634(1)/2014 dated July 10, 2014 issued by the SECP the financial statements and reports have been placed on website of the Company.

7. The SECP has vide SRO No. 787(1)2014 dated September 8, 2014 allowed companies to circulate annual balance sheet, profit and loss account, Auditors' Report and Directors' Report along with notice of annual general meeting to its members through email. Members who wish to avail this facility can give their consent to Company Secretary at the following email address **m.amin@igi.com.pk.**

8. The Government of Pakistan through Finance Act 2015 has made certain amendments in Section 150 of the Income Tax Ordinance 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These rates are as under:

   a) For filers of income tax returns 12.5%
   b) For non-filers of income tax returns 17.5%

   To enable the Company to make tax deductions on the amount of cash dividend @12.5% instead of 17.5% all the shareholders whose names are not entered into the Active Tax-Payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into the ATL before the book closure of the Company, otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 17.5% instead of 12.5%.

   For shareholders holding their shares jointly as per the clarification issued by the Federal Board of Revenue, withholding tax will be determined separately on "Filer / Non-Filer" status of the principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of the principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to the Share Registrar above-mentioned, in writing as follows:

| Company Name | Folio/ CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC No. | Proportion (no. of shares) | Name and CNIC No. | Proportion (no. of shares) |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

9. Clause 1(b) of SRO No.1027/(I)2014 dated 13th November, 2014 issued by the SECP states "The company may provide video conference facility to its members for attending the general meeting at places other than the town in which general meeting is taking place after considering the geographical dispersal of its members: Provided that if members, collectively holding 10% or more shareholding residing at a geographical location, provide their consent to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of meeting the company shall arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city."

   If you wish to take benefit of this facility, please fill the form appearing below and submit it to the Company at its registered address at least 10 days prior to the holding of the Meeting.

   The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least 5 days before the date of the Annual General Meeting along with complete information necessary to enable them to access the facility.

I/We, ________________ of ________________ being a member of IGI Life Insurance Limited, holder of ____________ Ordinary shares as per Register Folio No. ____________ hereby opt for video conference facility at ________________.

Signature of Member

10. Members who have not yet submitted photocopy of their Computerized National Identity Cards to the Company are requested to send the same at the earliest.

11. The Company is in the process of setting up the e-voting facility as required by the SECP by the Companies (E-Voting) Regulations, 2016, and in this connection, a special resolution for alteration of the Company's Articles of Association to allow for e-voting is proposed to be passed. However, the e-voting facility cannot be made available to the Members for this meeting because all the conditions required to be satisfied for providing e-voting facility could not be satisfied.

روزنامہ نوائے وقت کراچی (5) 29 مارچ 2016ء

IGI | Life

IGI Life Insurance Limited

# اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ (دی "کمپنی") کا 21واں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 20 اپریل 2016 دوپہر 12 بجے، دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ آف پاکستان (آئی سی اے پی) چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی 75600 میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور**

1- کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس منعقدہ 21 اپریل 2015 کی کارروائیوں کی توثیق۔

2- کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2015 مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔

3- مالیاتی سال مختتمہ 31 دسمبر 2015 کے لئے حتمی نقد منافع منقسمہ بشرح ایک روپیہ فی شیئر (10 فیصد) کی ادائیگی پر غوروخوض اور منظوری جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز (دی "بورڈ") نے سفارش کی ہے۔

4- 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔

**خصوصی امور**

5- کمپنی کے مجاز شیئر سرمائے میں اضافے پر غور اور اگر درست پایا جائے تو اس مقصد کے لئے ایک خصوصی قرارداد کی منظوری تاکہ کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے لئے مطلوبہ ترامیم کی جائیں۔

6- کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لئے ایک خصوصی قرارداد پر غوروخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی منظوری جس کے تحت اس میں درج کیا جائے کہ ممبران کو اجلاس عام میں ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

7- کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لئے ایک خصوصی قرارداد پر غوروخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی منظوری جس کے تحت اس میں درج کیا جائے کہ ممبران کو کمپنی کے اجلاس عام میں وڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کا حق دیا جاتا ہے۔

**دیگر کارروائی**

8- صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ

محمد امین

کمپنی سیکریٹری

29 مارچ 2016

کراچی

**نوٹ:**

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 14 تا 20 اپریل 2016 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2- سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر کسی بھی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ ایک کارپوریشن، بحیثیت ایک ممبر، اس کے ڈائریکٹرز کی قرارداد کی رو سے ایک فرد کو، جس کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 162 کے تحت بطور پراکسی یا اپنا نمائندہ مقرر کر سکتی ہے۔

3- پراکسی کے تقرر کی دستاویز جو ہر طرح سے کارآمد ہو، لازماً دفتر شیئر رجسٹرار "میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ" واقع 8-ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں باقاعدہ دستخط شدہ، اسٹیمپ شدہ اور گواہوں کے ساتھ اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔ ایک ممبر ایک سے زائد پراکسی کا تقرر نہیں کر سکتا۔ اگر کسی ممبر کی جانب سے پراکسی کی ایک سے زائد دستاویز جمع کرائیں گئیں تو کمپنی ایسی تمام دستاویزات کو غیر کارآمد تصور کرے گی۔

4- وہ ممبر جن کے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے پاس جمع ہیں ان سے درخواست ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنی شناخت میں سہولت کے لئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (سی این آئی سی) بشمول پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی میں اپنے اکاؤنٹ نمبرز ہمراہ لائیں اور پراکسی کی صورت میں لازماً اپنے سی این آئی سی کی مصدقہ کاپی منسلک کریں۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اور/ یا تمام ایسی دستاویزات جو کہ اس مقصد کے لئے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ایک مورخہ 26 جنوری 2000 کے تحت ضروری ہیں، اجلاس میں شرکت کے لئے پیش کی جائیں (تاوقتیکہ پہلے یہ فراہم نہ کی گئی ہوں)

5- ممبران (نان سی ڈی سی) سے درخواست ہے کہ ڈاک کی ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لئے اپنے پتوں میں کسی تبدیلی سے فوری طور پر میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو آگاہ کریں۔

6- ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 2014/(1)634 مورخہ 10 جولائی 2014 کے پیرا (a)3 کے مطابق مالیاتی حسابات اور رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر منتقل کی جارہی ہیں۔

7- ایس ای سی پی نے ایس آر او نمبر 2014(1)787 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ بیلنس شیٹ، منافع اور نقصان کے کھاتے، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ بشمول سالانہ اجلاس کی اطلاع اپنے ممبران کو بذریعہ ای میل ارسال کردے۔ وہ ممبران جو یہ سہولت حاصل کرنا چاہیں وہ کمپنی سکریٹری کو ای میل ایڈریس m.amin@igi.com.pk پر اس امر کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

8- حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ 2015 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 میں ترامیم کی ہیں جس کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ ریٹس درج ذیل کے مطابق ہیں۔

- انکم ٹیکس گوشواروں کے فائلرز کے لئے 12.5 فیصد
- انکم ٹیکس گوشوروں کے نان۔فائلرز کے لئے 17.5 فیصد

نقد منافع منقسمہ کی رقم پر 17.5 فیصد کے بجائے 12.5 فیصد کی شرح سے ٹیکس کٹوتی کے لئے کمپنی کو اس کا اہل بنانے کے لئے وہ تمام شیئر ہولڈرز، جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں، باوجود اس حقیقت کے کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ کمپنی کی کتاب کی بندش سے قبل ان کے نام اے ٹی ایل میں موجود ہوں بصورت دیگر ان کے منافع منقسمہ پر 12.5 فیصد کے بجائے 17.5 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

ان شیئر ہولڈرز کے لئے جو فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کردہ وضاحت کے مطابق اپنے مشترکہ شیئرز کے حامل ہیں، ان پر ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین الگ الگ "فائلر/ نان فائلر" پرنسپل شیئر ہولڈر کے اسٹیٹس نیز ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب پر مشتمل جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی حیثیت سے کیا جائے گا۔ لہٰذا وہ تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئرز رکھتے ہیں ان کے لئے یہ ضروری ہے کہ اپنے پاس موجود شیئرز کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کا شیئر تناسب درج ذیل کے مطابق تحریری طور پر مذکورہ بالا شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئر | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

9- ایس آر او نمبر (2014) (1)/1027 کی شق (b)1 مورخہ 13 نومبر 2014 جاری کردہ منجانب ایس ای سی پی میں کہا گیا ہے کہ "کمپنی اجلاس میں شرکت کے لئے اپنے ممبران کو اس شہر کے علاوہ جہاں اجلاس عام ہو رہا ہے، اپنے ممبران کی جغرافیائی تعداد پر غور کرنے کے بعد وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرسکتی ہے اور یہ سہولت اس صورت میں فراہم کی جائے گی اگر کسی ایک جغرافیائی حدود میں مقیم ممبران جو مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ہوں، وہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے اپنے ارادے سے کمپنی کو آگاہ کریں تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کا انتظام کردے گی جو کہ اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔"

اگر آپ اس سہولت سے فائدہ چاہتے ہیں تو برائے مہربانی نیچے موجود فارم کو پر کریں اور کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ پتے پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 10 روز قبل جمع کرادیں۔

کمپنی اپنے ممبران کو وڈیو کانفرنس کے مقام کے بارے میں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے لئے تمام ضروری معلومات کے ساتھ آگاہ کردے گی۔

میں/ہم ________ بابت ________ بحیثیت آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ کے ایک ممبر، حامل ________ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ________ بذریعہ ہذا وڈیو کانفرنس کی سہولت بمقام ________ حاصل کرنے کا خواہشمند ہوں۔

________
ممبر کے دستخط

10- وہ ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کمپنی کو جمع نہیں کرائے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اسے فوری طور پر ارسال کردیں۔

11- کمپنی ای ووٹنگ کی سہولت کی تشکیل کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے جیسا کہ کمپنیز (ای۔ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 کے ذریعے ایس ای سی پی کی جانب سے ضروری قرار دیا گیا ہے، اور اس سلسلے میں کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ترمیم کے لئے ایک خصوصی قرارداد برائے ای ووٹنگ کے لئے اجازت منظور کرنے کی تجویز ہے۔ تاہم ای ووٹنگ کی سہولت اجلاس ہذا کے لئے ممبران کو دستیاب نہیں ہوسکے گی کیونکہ ای ووٹنگ سہولت کے لئے فراہم کردہ شرائط سے مطمئن ہونا ضروری ہے اور ابھی ان پر اطمینان حاصل نہیں کیا جاسکا۔